# NOTICE OF THE 40th ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 40th Annual General Meeting (AGM) of the shareholders of Amreli Steels Limited (the Company) will be held on Saturday, 26 October 2024 at 03:00 p.m. at Auditorium Hall of the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) located at Block - 8, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi to transact the following businesses. The shareholders can also attend the AGM via video link facility.

## Ordinary Business:

1. To receive, consider and adopt the annual audited financial statements of the Company for the year ended 30 June 2024, together with the Directors' and Auditors' reports thereon.

   As required under section 223(7) of the Companies Act, 2017 and pursuant to the S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), the annual report of the Company for the financial year ended 30 June 2024 has been uploaded on the Company's website which can be downloaded accessing the following link and QR Code:

   https://amrelisteels.com/investor-relations/#investor-information

2. To appoint auditors of the Company for the financial year ending 30 June 2025 and to fix their remuneration. The Board of Directors of the Company has recommended the name of retiring auditors, M/s. BDO Ebrahim and Co., Chartered Accountants, for their re-appointment as external auditors for the financial year ending 30 June 2025. M/s. BDO Ebrahim and Co., Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for re-appointment.

## Any Other Business:

3. To transact any other business as may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

By Order of the Board

**ADNAN ABDUL GHAFFAR**
Company Secretary

04 October 2024
Karachi

**Notes:**

## 1. Participation in the AGM Proceeding via Video Link Facility:

The Company also facilitates participation of its shareholders through a video link facility in pursuance to Circulars notified by the SECP. The members/proxies interested to participate in the AGM through this facility are requested to share below information at investor-relations@amrelisteels.com with subject "Registration for 40th AGM of Amreli Steels Limited"–

| Shareholder Name | Folio/ CDC Number | CNIC Number | Cell Number | Registered Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Video-link and login credentials will be shared with the members/proxies whose email containing all the above particulars are received at the given email address by the close of business on or before 22 October 2024.

## 2. Closure of Share Transfer Books:

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 18 October 2024 to 26 October 2024 (both days inclusive). Transfers received in order by our Share Registrar, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial, Street-2, D.H.A., Phase-VII, Karachi-75500, Pakistan by the close of business on 17 October 2024 will be considered in time for attending the AGM.

## 3. Appointment of Proxies:

i. A member entitled to attend, speak and vote at the AGM is entitled to appoint another member as his/her proxy to attend, speak and vote on his/her behalf.

ii. The instrument appointing proxy and the power of attorney or other authority, under which it is signed, or a notarized certified copy of the power or authority must be deposited at the registered office of the Company at least 48 hours before the time of the meeting. Form of proxy is enclosed.

iii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iv. In case of individual, the account holder or sub-account holder shall furnish the attested copies of CNIC or the passport of the member and the proxy, along with the proxy form.

v. Corporate entities shall submit the Board of Directors' resolution/Power of Attorney, with specimen signature, along with the proxy form.

## 4. Attending the Annual General Meeting:

i. In case of individual, whether physical shareholder or the account holder or sub-account holder at Central Depository Company (CDC), shall authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC or original passport at the time of attending the AGM.

ii. The proxy shall also produce his/her original CNIC or original passport at the time of AGM.

iii. Members registered on CDC are also requested to bring details of their account maintained with the CDC.

iv. In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/Power of Attorney, with specimen signature of the nominee, shall be produced at the time of the AGM (unless it has been provided earlier).

## 5. Change in Members Addresses:

Members are requested to notify any change in their addresses immediately to the Share Registrar M/s. THK Associates (Pvt.) Limited.

## 6. Availability of Financial Statements and Reports on the Website:

The Annual Report of the Company for the year ended 30 June 2024 has been placed on the Company's website www.amrelisteels.com.

## 7. Electronic Circulation of Annual Financial Statements for the year ended 30 June 2023:

The Annual Report 2024 and notice of AGM are being circulated electronically via email to all those shareholders whose email addresses are available with the CDC or the Share Registrar of the Company. In case of remaining shareholders, whose email addresses are not available, a printed copy of notice of AGM containing QR enabled code and web link to access and download Annual Report 2024, has been dispatched on their registered addresses, as allowed by the SECP vide its S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023 and as approved by the shareholders in the Extraordinary General Meeting of the Company held on 24 June 2023.

However, if a shareholder requests for a hard copy of the annual audited financial statements, the same shall be provided free of cost within seven (07) days of receipt of such request as per Section 235 of the Companies Act, 2017. For the convenience of shareholders, a "Standard Request Form for provision of annual audited accounts" has also been made available at the Company's website www.amrelisteels.com.

## 8. Consent for Video Conference Facility:

In compliance with Section 134(1) (b) of the Companies Act, 2017, members of the Company may attend and participate in the AGM through video conference facility, if member(s) residing in a city other than Karachi, collectively holding 10% or more shareholding, demand in writing, to participate in the AGM through video conference at least ten (10) days prior to the date of the AGM.

To avail such facility, please submit the following form with the requisite information at the Registered Office of the Company –

**I/We ______________________________ of ______________________________ being a member**

**of Amreli Steels limited, holder of ______________________________ ordinary shares(s)**

**as per Registered Folio/CDC Account No. ______________________________ hereby opt for video**

**conference facility at ______________________________ to attend the 40th AGM to be held on 26 October, 2024 or any adjournment thereof.**

**____________________ Date: ____________________**

**Name and Signature (s)**

The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least five (05) days before the date of the AGM along with complete information necessary to enable them to access such facility.

## SPECIAL NOTICES TO THE SHAREHOLDERS:

## A. Unclaimed Dividends (Important and Mandatory):

Shareholders, who for any reason, were unable to claim their dividends were advised vide last year's Notice of AGM dated 02 October 2023, to contact our Shares Registrar to inquire about or collect any unclaimed dividends. Accordingly, pursuant to Section 244(2) of the Companies Act, 2017, any dividends that remain unclaimed for a period exceeding three years would be transferred to the Federal Government in accordance with the statutory requirements of Section 244 of the Companies Act, 2017.

## B. 6th Reminder to the shareholders for submission of bank account details/IBAN (E-Dividend):

As per Section 242 of the Companies Act, 2017, any dividend payable in cash shall only be remitted through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders. Therefore, through this notice, all shareholders are once again requested to update their bank accounts details (i.e. title of account, complete bank account number (i.e. 24 digit IBAN), complete mailing address of the bank, name of the bank, folio number, mobile number and email address) for payment of any future cash dividend through electronic mode.

In case of physical shares, please provide bank account details to our Share Registrar, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited. Please ensure an early update of your particulars to avoid any inconvenience in future.

## C. 3rd Reminder for conversion of physical shares into Book-Entry Form:

In compliance with section 72 of the Companies Act, 2017 and SECP's letter No.CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated 26 March 2021, listed companies are required to replace existing physical shares issued by them into Book-Entry Form. In view of the above requirement, shareholders of the Company having physical folios/ share certificates are requested to convert their shares from physical form into Book-Entry Form as soon as possible.

Conversion of physical shares into Book-Entry Form would facilitate the shareholders in many ways i.e. safe custody of shares, readily available market for instant sale and purchase of shares, eliminate risk of loss & damage, easy & safe transfer with lesser formalities as compared to physical shares. The shareholders of the Company may contact Share Registrar of the Company for assistance in conversion of physical shares into Book-Entry Form.

For any query/problem/information, members may contact our share registrar at the following address

**THK Associates (Pvt) Ltd**
Plot No. 32-C, Jami Commercial, Street-2,
D.H.A., Phase-VII, Karachi-75500, Pakistan
UAN No: (021) 111-000-322
Email: sfc@thk.com.pk

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں سالانہ اجلاس عام (AGM) کی تاریخ سے کم از کم پانچ (05) دن پہلے مطلع کرے گی اور اس کے ساتھ ہی اجلاس تک رسائی کیلئے ممبران کو ضروری معلومات بھی فراہم کر دی جائیں گی۔

**خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:**

**الف۔ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ: (اہم اور لازمی)**

شیئر ہولڈرز، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ کا دعویٰ نہیں کر سکے، ان سے گزارش ہے کہ وہ ہمارے شیئر زرجسٹرار سے رابطہ کریں تا کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کے بارے میں معلومات حاصل کریں، اگر کوئی ہو۔ براہ کرم نوٹ فرمالیجئے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)244 کے تحت تین سال سے زائد غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت وفاقی حکومت کے پاس جمع کرا دیئے جاتے ہیں۔

**ب۔ چھٹی یاد دہانی برائے شیئر ہولڈرز بابت بینک اکاؤنٹ تفصیلات/ آئی بی اے این (ای - ڈیویڈنڈ):**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق، بصورت نقد قابل ادائیگی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک ذرائع سے حقدار شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ہی بھیجا جائے گا۔ لہذا، بذریعہ نوٹس ہذا، تمام شیئر ہولڈرز سے ایک بار پھر اپنے بینک اکاؤنٹس (یعنی اکاؤنٹ کا عنوان، مکمل بینک اکاؤنٹ نمبر -24 ہندسوں کا IBAN)، بینک کا مکمل میلنگ ایڈریس، بینک کا نام، فولیو نمبر، اور موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کی تجدید کی درخواست کی جاتی ہے) تا کہ الیکٹرانک ذرائع سے مستقبل میں نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی جا سکے۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، براہ کرم ہمارے شیئر زرجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم کر دیجئے۔ براہ کرم مستقبل میں کسی بھی قسم کی زحمت سے بچنے کے لیے اپنی تفصیلات کی جلد از جلد تجدید کو یقینی بنائیں۔

**ج۔ تیسری یاد دہانی بابت فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کی رو سے تمام لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ اپنے موجودہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ لہذا فزیکل فولیو/ شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل شکل سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔

فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت فراہم ہو جائے گی جیسا کہ حصص کی محفوظ تحویل، فوری فروخت اور حصص کی خریداری کے لیے آسانی سے دستیاب مارکیٹ، گم ہونے اور ضائع ہونے کے خطرات کا خاتمہ، اور فزیکل شیئرز کے مقابلے میں کم از کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی۔ فزیکل حصص کو بک انٹری کی صورت میں منتقل کرنے کیلئے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

کسی بھی سوال/ مسئلہ/ معلومات کے لیے ممبران درج ذیل پتے پر ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

**پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل، اسٹریٹ -2،**

**ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی -75500، پاکستان**

**UAN نمبر: 322-000-111 (021)**

**ای میل: sfc@thk.com.pk**

**6۔ ویب سائٹ پر مالی دستاویزات اور رپورٹس کی دستیابی:**

مورخہ 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.amrelisteels.com پر فراہم کردی گئی ہے۔

**7۔ مؤرخہ 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی الیکٹرانک سرکولیشن:**

سالانہ رپورٹ 2024 اور سالانہ اجلاس عام (AGM) کے نوٹس کو الیکٹرانک طور پر ای میل کے ذریعے ان تمام شیئر ہولڈرز کو بھیجا جا رہا ہے جن کے ای میل ایڈریس سی ڈی سی (CDC) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب ہیں۔ بصورت دیگر شیئر ہولڈرز جن کے ای میل ایڈریسز دستیاب نہیں ہیں، ان کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاس عام (AGM) کے نوٹس معہ فعال QR کوڈ اور ویب لنک ارسال کئے جا چکے ہیں جن کے ذریعے وہ سالانہ رپورٹ 2024 تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور انھیں ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں، جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بحوالہ ایس آر او 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 میں اجازت دی گئی ہے نیز 24 جون 2023 کو منعقدہ کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظوری بھی حاصل کر لی گئی تھی۔

تاہم، اگر کوئی شیئر ہولڈر، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی کی درخواست کرتا ہے، تو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 235 کے مطابق ایسی درخواست کی وصولی کے سات (07) دنوں کے اندر اندر ایسے ممبر کو مفت کاپی فراہم کردی جائے گی۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ www.amrelisteels.com پر "سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی فراہمی کے لیے مقررہ درخواست فارم" بھی دستیاب کر دیا گیا ہے۔

**8۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(1)(b) کے تحت کمپنی کے ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت کر سکتے ہیں اور اگر ممبران کراچی کے علاوہ کسی اور شہر میں مقیم ہوں اور اجتماعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے حامل ہوں تو سالانہ اجلاس عام کے آغاز سے کم از کم دس (10) دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کا تحریری مطالبہ جمع کروا دیں۔

اس طرح کی سہولت حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم درج ذیل فارم کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مطلوبہ معلومات کے ساتھ جمع کروا دیجئے۔

میں/ہم ____________________ ساکن/ساکنان ______________________________ امریلی اسٹیلز کے حصص داران ہونے کی حیثیت سے، حامل/حاملین ______________ عام حصص بحوالہ رجسٹرڈ شدہ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ____________________ بذریعہ ہذ بمقام ____________________ سالانہ اجلاس عام بتاریخ 26 اکتوبر 2024 میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا/ کرتی/ کرتے ہوں/ ہیں۔

______________________________ نام و دستخط ممبر/ممبران

______________________________ تاریخ

| رجسٹرڈ ای میل ایڈریس | موبائل فون نمبر | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/سی ڈی سی نمبر | شیئر ہولڈر کا نام |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کی اسناد ان ممبران/ پراکسیز کو ارسال کر دی جائیں گی جن کی جانب سے مندرجہ بالا تمام تفصیلات پر مشتمل ای میل مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر مؤرخہ 22 اکتوبر 2024 کو کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہو جائے۔

**2۔ شیئرز کی منتقلی کے کھاتوں کی بندش:**

کمپنی کے حصص منتقلی کے کھاتے 18 اکتوبر 2024 سے 26 اکتوبر 2024 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل، اسٹریٹ نمبر 2، ڈی ایچ اے، فیز VII کراچی - 75500 کو مؤرخہ 17 اکتوبر 2024 تک دوران اوقات کار موصول ہونے والے شیئرز کی منتقلی کی درخواستوں کو بروقت تصور کیا جائے گا اور انھیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی اجازت ہوگی۔

**3۔ پراکسیز کی تقرری:**

i۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر کسی دوسرے ممبر کو اپنی طرف سے شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کرنے کا حقدار ہے۔

ii. پراکسی کی تقرری کیلئے استعمال کی جانے والی دستاویزات اور پاور آف اٹارنی یا دیگر کوئی مجاز اتھارٹی، جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا پاور یا اتھارٹی کی ایک نوٹرائزڈ تصدیق شدہ کاپی سالانہ اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائی جانی لازم ہے۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

iii. پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ان کے نام، معہ پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہونا لازم ہیں۔

iv. بصورت فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر پراکسی فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا ممبر اور پراکسی کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول لازماً منسلک کریں۔

v. کارپوریٹ ادارے پراکسی فارم کے ساتھ نمونہ دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جمع کروانے کے پابند ہیں۔

**4۔ سالانہ جلسہ عام میں شرکت**

i. بصورت فرد، چاہے وہ فزیکل شیئر ہولڈر ہو یا اکاؤنٹ ہولڈر یا سی ڈی سی میں ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل کارآمد پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرنا لازم ہوگا۔

ii. پراکسی سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ بھی پیش کرے گا۔

iii. سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) میں رجسٹرڈ ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹ کی تفصیلات معہ سی ڈی سی سے متعلق اپنے کوائف ہمراہ لے کر آئیں۔

iv. بصورت کارپوریٹ ادارہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، نامزد شخص کے دستخط کے ساتھ، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت پیش کرنا لازم ہے (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

**5۔ ممبران کے پتوں میں تبدیلی:**

تمام ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو دیں۔

# چالیسویں (40th) سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ امریلی اسٹیلز لمیٹڈ (کمپنی) کے شیئر ہولڈرز کا چالیسواں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز ہفتہ مؤرخہ 26 اکتوبر 2024 سہ پہر 03:00 بجے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے آڈیٹوریم ہال بلاک-8، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں درج ذیل امور کو زیر بحث لانے کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔ شیئر ہولڈرز ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے بھی سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت کرسکتے ہیں۔

**عمومی امور:**

1۔ 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال سے متعلق کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 اورایس آر او 2023/(I)389 مؤرخہ 21 مارچ 2023 مجریہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے تحت، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے بابت مالی سال اختتامیہ 30 جون 2024 کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیے گئے ہیں جسے درج ذیل لنک اور QR کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://amrelisteels.com/investor-relations/#investor-information

2۔ مؤرخہ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب کرنا اور ان کے معاوضے کی منظوری دینا۔ کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراھیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور بیرونی آڈیٹرز برائے مالی سال 30 جون 2025 تقرری کی سفارش کی ہے۔ میسرز بی ڈی او ابراھیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر ایک مرتبہ پھر اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

**دیگر امور:**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس سے پہلے کسی بھی دیگر امور کو زیر کاروائی لانے کیلئے پیش کرنا۔

بحکم بورڈ

عدنان عبدالغفار
کمپنی سیکریٹری

04 اکتوبر 2024
کراچی

**نوٹس:**

**1۔ ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں شرکت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلرز کے مطابق کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کی سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کررہی ہے۔ اس سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت کرنے کے خواہشمند ممبران/ پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ای میل ایڈریس investor-relations@amrelisteels.com پر درج ذیل معلومات بعنوان "رجسٹریشن برائے چالیسواں (40th) سالانہ اجلاس عام برائے امریلی اسٹیلز لمیٹڈ" ارسال کردیں۔